© rasailojaraid.com



مضامین پر مشتمل چار کتب تالیف اور شائع کر چکے ہیں، اب اس سلسلے کی یہ پانچویں کتاب چھپی ہے۔

اس کتاب میں پروفیسر غلام اعظم کی مجاہدانہ زندگی پر پانچ مضامین ہیں، دیگر رفقا میں: مولانا ابوالکلام محمد یوسف، عبدالقادر مُلّا شہید، محمد قمرالزمان شہید، ملک غلام یاسین، سردار الطاف حسین، شمیم احمد، مسعود جاوید، خدا بخش خان، حاجی محمد لقمان، احمد قاسم پاریکھ، چودھری ثناء اللہ، عبدالرحمٰن بن اجمل، خواجہ علاء الدین، ڈاکٹر سیّد منصور علی، مولانا عبدالمالک شہید، محمد یوسف خان، نصراللہ شجیع، ڈاکٹر خان محمد صابری، سیّد رفیق حسین جعفری، ڈاکٹر ظہور احمد، میاں نذیر احمد، ملک مسعود الحسن، ڈاکٹر سیّد احسان اللہ شاہ، مہر چاکر فتیانہ، مولانا محمد نافع اور حافظ محبُوب الٰہی حلیم شامل ہیں۔ یہ تذکرے قارئین کے دل میں عزم و ہمت کی جوت جگاتے اور دنیائے فانی سے گزر جانے سے قبل کچھ کر جانے کی اُمنگ پیدا کرتے ہیں۔(س-م-خ)

**نورِ سراج**، رابطہ: فوزیہ سراج۔ فون: ۲۶۰۴۳۴۸-۰۳۰۰۔ صفحات: ۱۱۰۔

کیپٹن سراج الحق، جماعت اسلامی کراچی کے رکن تھے۔ ان کے انتقال پر ان کے اعزہ نے یہ کتاب یادگار کے طور پر شائع کی ہے، جس میں ۴۶ تحریریں ہیں۔ لکھنے والوں میں ان کی اہلیہ، بیٹے، بہوئیں، داماد، پوتے، بھانجے، نواسے اور مرحوم سراج صاحب کے دوست شامل ہیں۔ ہر ایک نے جیسا ان کو پایا، لکھ دیا۔ سب نے سراج صاحب کی شخصیت پر اپنے اپنے زاویے سے روشنی ڈالی۔ عجب ایمان افروز تصویر بنی ہے۔ ایک جگمگاتا ہوا تحریکی کردار۔ تحریکِ اسلامی نے ایسے ہیرے تراش کر کے پیش کر دیے۔ (مسلم سجاد)

## تعارف کتب

⊙ معارف مجلّہ تحقیق، (شمارہ ۱۰، جولائی-دسمبر ۲۰۱۵ء)، مدیر: پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق منصوری۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، کراچی۔ ۳۶۸۰۹۲۰۱-۰۲۱۔ فون: ۰۲۱۔ صفحات: ۲۹۸+۱۰۰۔ قیمت: ۴۵۰ روپے۔ [زیرنظر شمارے میں عالمِ اسلام، فقہ الاقلیات، دین اور تہذیب، مناصب اور ذرائع کے استعمال کے ساتھ ساتھ پاکستان کی مالیاتی پالیسی، ذرائع ابلاغ میں رپورٹنگ کا معیار، سیرت نبویؐ اور مستشرقین کا اندازِ فکر، قتل رحم خصوصی طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ مقالہ خصوصی میں اوکسفرڈ یونی ورسٹی، آفاق اور سرکاری نصابی کتب کا تقابلی مطالعہ کیا گیا ہے۔]

© rasailojaraid.com